NYC Taxi & Limousine Commission

# ایک سال کے لیے کوئی نئے FHV گاڑی کے لائسنسز اور WAV لائسنس فیس میں تبدیلیاں نہیں

**Meera Joshi**
*کمیشنر/چئیر*

**Allan J. Fromberg**
*معاملاتِ عامہ*
*frombera@tlc.nyc.gov*

**Rebecca Harshbarger**
*معاملاتِ عامہ*
*harshbargerR@tlc.nyc.gov*

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

اس سہ پہر کو، نیو یارک سٹی میئر بل ڈی بلاسیو (Bill de Blasio) نے ٹیکسیز اور برائے کرایہ گاڑیوں کا احاطہ کرنے والے مقامی قوانین کے لیے قانون میں تبدیلیوں پر دستخط کر دیئے ہیں۔ براہ کرم آگاہ رہیں کہ ان میں سے دو تبدیلیاں آج سے لاگو ہوں گی۔

## نئی FHV گاڑی کے لائسنسز

**آج شام 5:00 بجے** سے، TLC صرف وہیل چیئر کے لیے قابل رسائی گاڑیوں (WAVs) کو FHV وہیکل لائسنسز کا اجراء کرے گا۔ یہ ایک سالہ وقفہ حالیہ FHV گاڑیوں کے مالکان پر اثر انداز نہیں ہوتا؛ صرف نئی FHV وہیکل لائسنس کے لیے درخواست گزاران متاثر ہوتے ہیں۔ گاڑی کے لیے دائر کردہ بیس تصدیق کاری کا وقت اور تاریخ یہ تعین کرے گی کہ آیا ایک سال کے وقفے کا اطلاق ہوتا ہے:

- آج بروز منگل 14 اگست، 2018 کو شام 5:00 بجے سے قبل بھیجی گئی بیس تصدیق کاریوں کے لیے، باقاعدہ FHV وہیکل لائسنسنگ کے تقاضوں کا اطلاق ہو گا۔ ان گاڑیوں کو وہیل چیئر کے لیے قابل رسائی ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔
- آج بروز منگل 14 اگست، 2018 کو شام 5:00 بجے یا اس کے بعد بھیجی گئی بیس تصدیق کاریوں کے لیے، ایک سالہ وقفے کا اطلاق ہو گا۔ ان گاڑیوں کو وہیل چیئر کے لیے قابل رسائی ہونا چاہیے۔ 23 اگست، 2018 کے آغاز سے بیسز نئے FHV Wav وہیکل لائسنس کے لیے TLC کی نئے قانون کے نتیجے کے طور پر تبدیلیوں کی پیروی کرتے ہوئے بیس تصدیق کاری بھیج سکتے ہیں۔

براہ کرم نوٹ کر لیں، چند محدود حالات میں، اگر ڈرائیور کے پاس نئی گاڑی خریدنے کے آپشن کی حامل طویل المدتی لیز ہو اور ڈرائیور گاڑی خریدنے کا فیصلہ کر لے تو TLC ناقابل رسائی پذیر گاڑی کو نیا FHV لائسنس جاری کرے گا۔ اس استثنٰی کا فیصلہ کیس کی بنیاد پر کیا جائے گا اور ڈرائیورز سے TLC کو استثنٰی کے متعلق اپنی اہلیت کو ثابت کرنے کے لیے دستاویزات بھیجنے کا تقاضہ کیا جائے گا۔ TLC ڈرائیورز کے لیے اگلے ہفتے کے اندر TLC کی ویب سائٹ پر استثنٰی کے طریقہ کار کا عمل پوسٹ کرے گا۔

## WAV لائسنس فیس کی معافی

آج مورخہ 14 اگست 2018 **بوقت 12:00 شب** سے، پیلی ٹیکسی کیبز اور FHV گاڑیوں، بشمول گرین ٹیکسی (SHL) پرمٹ کی حامل استعمال ہونے والی FHVs کے لیے لائسنس فیس معاف کر دی جائے گی اگر اس کا لائسنس نئے یا تجدیدی لائسنس کے لیے دائر کردہ درخواست کی تاریخ پر وہیل چیئر کے لیے قابل رسائی گاڑی (WAV) کے ساتھ استعمال ہوا ہو۔ مخصوص طور پر، درج ذیل فیس معاف کر دی جائے گی اگر WAV کا استعمال ہوا ہو:
مزید جاننے کے لیے کہ یہ تبدیلی کس طرح TLC لائسنس داروں پر اثر انداز ہوتی ہے ذیل میں ملاحظہ کیجیے:

- پیلی ٹیکسی کیبز: $ 550 سالانہ لائسنس فیس
- FHVs: $ 275 سالانہ گاڑی کی لائسنس فیس

تمام دیگر قابل اطلاق فیسز، بشمول وہیکل انسپیکشن اور کمرشل موٹر وہیکل ٹیکس (CMVT) بھی ادا کیا جانا چاہیے۔

TLC اس وقت اس تبدیلی کی عکاسی کرنے کے لیے آن لائن لائسنسنگ سسٹم کو اپ ڈیٹ کر رہا ہے۔ جب تک LARS اپ ڈیٹ نہیں ہو جاتا، تجدیدی FHV WAV گاڑی کے لائسنس کے حامل بذا کو LARS اور TLC پر لائسنس فیس کی ادائیگی جاری رکھنی چاہیے اور TLC ریفنڈ کا اجراء کرے گا۔ 23 اگست 2018 کے آغاز سے، WAV گاڑی کے مالکان پر LARS کے ضمن میں لائسنس فیس عائد نہیں کی جائے گی۔ WAV گاڑی کے مالکان جن کے لائسنس 23 اگست 2018 سے قبل زائد المیعاد نہیں ہوں گے ان کی دوبارہ اپلائی کرنے کے لیے اس دن تک انتظار کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

براہ کرم نوٹ کریں، 14 اگست 2018 کو 12:00 بجے شب سے قبل نئے یا تجدیدی WAV لائسنس کے لیے ارسال کردہ درخواستوں کے لیے کسی ریفنڈز کا اجراء نہیں کیا جائے گا۔